رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دہلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
کولکاتا•نئی دہلی•ممبئی•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA KOLKATA
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
• Kolkata • New Delhi • Mumbai
• Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
• Patna • Hyderabad • Bangalore

KOLKATA (City) Pages: 12 ₹5/- Vol : 19 Issue : 166
ایثار • فرض شناسی • حب الوطنی • «یعنی مکمل سچ» بدھ 1445ھ 12/ذی الحجہ
شمارہ نمبر: 166 سال: 19
Wednesday 19, June 2024

غلاف کعبہ کلید بردار کے حوالے

مکہ مکرمہ، (یو این آئی)

حج 2024 کی بحسن وخوبی تکمیل کے ساتھ ہی غلاف کعبہ کلید بردار کے حوالے کر دیا گیا اب یکم محرم کو غلاف کعبہ کو تبدیل کیا جائے گا۔ سعودی سرکاری خبر رساں ادارے ایس پی اے کے مطابق مکہ مکرمہ ریجن کے نائب گورنر اور مرکزی حج کمیٹی کے نائب چیئرمین شہزادہ سعود بن مشعل بن عبدالعزیز نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان کی نیابت کرتے ہوئے غلاف کعبہ کو کلید بردار کعبہ کے حوالے کر دیا۔ اس حوالے سے وزیر حج وعمرہ، مسجد الحرام اور مسجد نبوی کے امور کیلئے جنرل اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین ڈاکٹر توفیق الربیعہ اور کلید بردار کعبہ کے نائب عبدالملک بن طہ الشیبی نے دستاویز پر دستخط کیے۔ واضح رہے کہ پہلے کئی دہائیوں تک ہر سال غلاف کعبہ (کسوۃ) ہر سال حج کے دوران 9 ذی الحجہ کی صبح کو حجاج کے میدان عرفات روانہ ہونے کے بعد تبدیل کیا جاتا تھا تاہم دو سال سے اب غلاف کعبہ نئے سال ہجری کے آغاز پر یکم محرم الحرام کو تبدیل کیا جاتا ہے۔

شیئر بازار نقصان معاملہ پر 'انڈیا' وفد کا 'سیبی' سے جانچ کا مطالبہ

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

لوک سبھا انتخابات کے بعد ایگزٹ پول اور نتائج کے درمیان شیئر مارکیٹ میں زبردست اتار چڑھاؤ کے معاملے پر کانگریس سمیت دیگر اپوزیشن پارٹیاں مرکزی حکومت پر سخت حملہ آور ہیں۔ اس معاملے میں اپوزیشن اتحاد 'انڈیا' کے ایک وفد نے سیکوریٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا 'سیبی' کے چیئرمین سے ملاقات کرکے جانچ کا مطالبہ کیا ہے۔ 'انڈیا' کے وفد نے سیبی کے چیئرمین مادھوی پوری سے ملاقات کی ہے۔ وفد کا کہنا ہے کہ ایگزٹ پول کے بعد شیئر مارکیٹ میں بڑا گھوٹالہ ہوا جو پی ایم مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ کے میڈیا میں دیے گیے بیان کی وجہ سے ہوا ہے۔ اس وفد میں شامل مہاراشٹر کے سابق وزیراعلیٰ ادھو ٹھاکرے کی شیوسینا کے لیڈر اور رکن پارلیمنٹ اروند ساونت نے کہا کہ امت شاہ اور پی ایم مودی نے کہا کہ آپ شیئروں میں سرمایہ کاری کریں۔ دونوں نے 400 پار کا نعرہ لگایا اور اس طرح لوگوں نے پیسے لگا دیے۔ وفد میں شامل ترنمول کانگریس کے لیڈر کلیان بنرجی نے کہا کہ امت شاہ اور پی ایم مودی نے سرمایہ کاری کرنے کیلئے کہا جس کے بعد 30 لاکھ کروڑ روپے کا نقصان ہوا ہے۔ یہ ایک بڑا گھوٹالہ ہے۔ ان لیڈروں کے علاوہ اس وفد میں ساکیت گوکھلے (ٹی ایم سی)، ساگاریکا گھوش اور سپریا سولے سمیت 'انڈیا' کے کئی لیڈران موجود تھے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے کہا تھا کہ ایگزٹ پول کی وجہ سے چھوٹے خردہ سرمایہ کاروں کو اسٹاک مارکیٹ میں 30 لاکھ کروڑ روپے کا نقصان ہوا ہے۔ وزیراعظم، وزیر داخلہ اور وزیر خزانہ نے انتخابات کے وقت سرمایہ کاروں کو اسٹاک مارکیٹ میں پیسہ لگانے کا مشورہ دیا تھا۔ اس کی ایک مشترکہ پارلیمانی کمیٹی (جے پی سی) سے جانچ ہونی چاہیے۔

اوڈیشہ کے بالاسور میں پرتشدد تصادم کے بعد کرفیو نافذ ◻ انٹرنیٹ خدمات معطل ◻ اضافی پولیس فورس تعینات

بھونیشور، (ایجنسیاں)

اوڈیشہ میں بالاسور ضلع انتظامیہ نے پیر کی آدھی رات سے پورے بالاسور میونسپلٹی علاقے میں غیر معینہ مدت کیلئے کرفیو نافذ کر دیا ہے۔ انتظامیہ نے یہ قدم پیر کو 2 کمیونٹیوں کے درمیان بڑے پیمانے پر تصادم کے بعد امن وامان برقرار رکھنے کیلئے اٹھایا ہے۔ ضلع انتظامیہ نے حساس علاقوں میں انٹرنیٹ سروس بھی معطل کر دی ہے اور شورش زدہ علاقوں میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کر دی گئی ہے۔ مقامی رکن پارلیمنٹ پرتاپ سارنگی اور مقامی رکن اسمبلی مانس دتہ نے کل رات سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ساگاریکا ناتھ کے ساتھ میٹنگ کی، جس کے بعد شہر میں کرفیو نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ بڑی تعداد میں پولیس اہلکاروں کی موجودگی کے باوجود شہر کے کچھ دوسرے حصوں میں تشدد بڑھ گیا، خاص طور پر پاترپاڑا گاؤں میں۔ خبر رساں ایجنسی نے ذرائع کے حوالے سے خبر دی ہے کہ ہجوم نے مبینہ طور پر ایک عبادت گاہ اور کچھ دکانوں کو نقصان پہنچایا۔ شرپسندوں نے ایک مکان کو بھی آگ لگا دی، تاہم کچھ دیر بعد فائر بریگیڈ کے عملہ نے آگ پر قابو پالیا۔ رات کے وقت شہر کے کچھ حساس علاقوں سے پتھراؤ کے چھٹ پٹ واقعات بھی رپورٹ ہوئے۔ صورتحال پر قابو پانے کیلئے دیگر اضلاع سے سیکورٹی فورسز کو طلب کیا گیا ہے۔ ضلع انتظامیہ نے تمام دکانیں، کاروباری ادارے، تعلیمی ادارے اور دیگر ادارے بند رکھنے کا حکم دیا ہے۔ ہنگامی خدمات، خاص طور پر طبی خدمات، کھلی رہیں گی۔ بالاسور کے ایس پی نے کہا کہ دونوں گروپوں کے درمیان تصادموں کے سلسلے میں کئی ایف آئی آر درج کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ محترمہ ناتھ کے مطابق سینئر پولیس افسران صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ شہر کی صورتحال فی الحال قابو میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بڑی تعداد میں پولیس اہلکاروں کی موجودگی کے باوجود شہر کے کچھ دوسرے حصوں میں تشدد پھوٹ پڑا۔ ذرائع نے بتایا کہ ہجوم نے مبینہ طور پر ایک عبادت گاہ اور کچھ دکانوں کو نقصان پہنچایا۔ شرپسندوں نے ایک گھر کو بھی آگ لگا دی تاہم فائر بریگیڈ کی گاڑیوں نے بروقت پہنچ کر آگ پر قابو پالیا۔ ضلعی انتظامیہ نے تمام دکانیں، کاروباری ادارے، دیگر ادارے اور تعلیمی ادارے بند رکھنے کا حکم دے دیا۔ تاہم ہنگامی خدمات، بنیادی طور پر طبی خدمات اس آرڈر سے مستثنیٰ ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز عیدالاضحی کے روز شہر کے تھانہ علاقے میں سڑک کے کنارے نالے میں سرخ رنگ کا مائع بہنے کے معاملے پر دو گروپوں میں جھگڑا شروع ہو گیا تھا۔ ایک گروہ کو شبہ تھا کہ وہاں گائے کا ذبیحہ ہوا ہے۔ معاملے کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے وزیراعلیٰ موہن چرن ماجھی نے بالاسور ضلع انتظامیہ کو علاقے میں امن وقانون نظام، امن اور ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن وقانون کو کسی صورت خراب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

نیٹ امتحان میں 0.001 فیصد لاپروائی پر بھی کارروائی ضروری

دھوکہ دے کر ڈاکٹر بننے والا شخص معاشرے کیلئے انتہائی خطرناک: سپریم کورٹ

STUDENT to solve NE
NTA shou
abolisl

نئی دہلی / پٹنہ، (ایجنسیاں)

سپریم کورٹ میں نیٹ یوجی تنازع پر گریس مارکس سے متعلق عرضی پر منگل کو سماعت ہوئی۔ عدالت نے کہا کہ 'اگر کسی کی طرف سے 0.001 فیصد بھی لاپروائی ہوئی ہے تو اس سے پوری طرح نمٹا جانا چاہیے۔ بچوں نے امتحان کی تیاری کی ہے، ہم ان کی محنت کو نہیں بھول سکتے ہیں۔' بنچ نے حکومت اور این ٹی اے سے یہ بھی کہا کہ تصور کریں کہ جو شخص نظام کو دھوکہ دیتا ہے وہ ڈاکٹر بن جاتا ہے، وہ معاشرے کیلئے اور بھی خطرناک ہو جاتا ہے۔ اس سے قبل 2015 میں سپریم کورٹ نے ایسا ہی تبصرہ کرکے آل انڈیا پری میڈیکل ٹسٹ (اے آئی پی ایم ٹی) کے امتحان کو منسوخ کر دیا تھا۔ تب عدالت کا کہنا تھا کہ 'ایک بھی فرضی ڈاکٹر بنتا ہے تو پورا امتحان رد ہونا چاہیے۔ اس بات کے شواہد موجود ہیں کہ امتحان میں الیکٹرونک ڈیوائسز استعمال کی گئی ہیں، لیکن کتنے طلبا نے انہیں استعمال کیا، یہ نہیں کہا جا سکتا۔ ایسے میں امتحان رد کرنا ضروری ہے۔' جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس ایس وی این بھٹی کی تعطیلاتی بنچ نے اس کیس سے متعلق 4 درخواستوں کا 8 جولائی کو سماعت کیلئے اندراج کیا ہے۔ وکلا کو بھی تمام مقدمات پر اسی دن بحث کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ 4 جون کو نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے نیٹ کے نتائج کا اعلان کیا تھا۔ یہ پہلا موقع ہے کہ 67 امیدواروں نے 720 میں سے 720 نمبر حاصل کیے ہیں۔ دریں اثنا بہار پولیس کو نیٹ پیپر لیک معاملے میں 2 دنوں میں نئے ثبوت ملے ہیں۔ ایف آئی آر میں ملزمین کا اعترافی بیان بھی آچکا ہے، جس میں انہوں نے بتایا ہے کہ پیپر لیک ہوا تھا۔ ملزمین نے یہ بھی بتایا ہے کہ 30 لاکھ سے لے کر 40 لاکھ تک کی رقم سالور گینگ کو دی گئی تھی۔ ملزمین نے اس بات کا بھی اعتراف کیا ہے کہ امتحان سے ایک دن قبل سوالات رٹائے گئے، جوابات بتائے گئے اور پھر وہی تمام سوالات امتحان میں بھی آئے۔ بہار پولیس کے اکنامک آفینس ونگ کو 6 پرانے چیک ملے ہیں، جن کے بارے میں شبہ ہے کہ یہ چیک سالور گینگ اور پیپر لیک کرنے والوں کو دیے گئے تھے، لیکن ان سب کے درمیان سوال اس انجینئر کے بارے میں بھی اٹھتا ہے، جس نے چیٹ کوٹ تیار کیا۔ نیٹ پیپر لیک کے معاملے میں پٹنہ میں درج ایف آئی آر کے بارے میں ملزم آیوش راج نے اعتراف کیا ہے کہ نیٹ کا پرچہ لیک ہوا تھا۔ سوالنامہ 4 مئی کو امتحان سے ٹھیک ایک دن پہلے پہنچا۔ ملزم کے اعترافی بیان کے مطابق 20 سے 25 امیدواروں کو پیپر لیک کروایا گیا تھا۔ 5 مئی کو وہی پیپر امتحان میں آیا جو رٹوایا گیا تھا۔ پیپر لیک معاملے میں کل 13 ملزمین کو گرفتار کیا گیا ہے، جن میں سے ایک سکندر کمار ہے اور دوسرا پیپر لیک مافیا نتیش کمار ہے۔ سکندر نے اپنے جرم کا اعتراف بھی کرلیا ہے۔ وہ داناپور میونسپل کونسل کے دفتر میں جونیئر انجینئر کے عہدے پر تعینات تھا۔ اس پورے معاملے میں 3 اہم ملزمین ہیں، پہلا نتیش کمار، دوسرا امت آنند اور تیسرا سکندر کمار یادوندو۔ ملزمین نے انکشاف کیا ہے کہ آیوش راج، انوراگ یادو، شیوانندن کمار اور ابھیشیک کمار کو امتحان کیلئے ڈیل فائنل کی گئی تھی۔ ان میں سے آیوش راج اور انوراگ سکندر کمار کو جانتے تھے، اس لیے ان سے کم پیسے لیے گئے اور دوسرے امیدواروں سے 40 لاکھ روپے لیے گئے۔ امتحان سے قبل معمول کی چیکنگ کی جا رہی تھی۔ چیکنگ کے دوران سکندر کی گاڑی روکی گئی جس کی گاڑی میں سے ان چاروں کے رول نمبر اور ایڈمٹ کارڈ ملے۔ اس کے بعد پولیس نے سکندر کمار کے ساتھ آیوش راج کے والد اور بٹو کمار نامی ایک شخص کو گرفتار کیا اور ان کی نشاندہی پر دیگر ملزمین کو گرفتار کیا گیا۔

❖ تمام درخواستوں پر سماعت 8 جولائی کو

وزیراعظم مودی خاموش کیوں؟ راہل

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

نیٹ امتحان میں ہونے والی دھاندلی کے خلاف کانگریس مسلسل آواز اٹھا رہی ہے۔ اب اس معاملے پر کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے مرکز کی مودی حکومت پر حملہ کیا ہے۔ راہل گاندھی نے کہا ہے کہ نیٹ امتحان میں 24 لاکھ سے زائد طلبا کے مستقبل سے کھلواڑ پر بھی وزیر اعظم مودی خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں۔ بی جے پی کے اقتدار والی ریاستیں پیپر لیک کا مرکز بن چکی ہیں۔

کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر لکھا ہے کہ نریندر مودی ہمیشہ کی طرح نیٹ امتحان میں 24 لاکھ سے زیادہ طلبا کے مستقبل سے کھیلنے کے معاملے پر خاموشی اختیار کر رہے ہیں۔ بہار، گجرات اور ہریانہ میں ہونے والی گرفتاریوں سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ امتحان میں منظم طریقے سے بدعنوانی ہوئی ہے اور بی جے پی کی حکومت والی ریاستیں پیپر لیک کا مرکز بن چکی ہیں۔ راہل گاندھی نے کہا کہ ہم نے اپنے 'نیائے پتر' (انتخابی منشور) میں پیپر لیک کے خلاف سخت قانون بنا کر نوجوانوں کا مستقبل محفوظ کرنے کی گارنٹی دی تھی۔ اپوزیشن کی ذمہ داری ادا کرتے ہوئے ہم ملک بھر کے نوجوانوں کی آواز کو سڑکوں سے پارلیمنٹ تک بھرپور طریقے سے اٹھا کر اور حکومت پر دباؤ ڈال کر ایسی سخت پالیسیاں بنوانے کے لیے پابند عہد ہیں۔

واضح رہے کہ اس سے قبل آج (18 جون) کو سپریم کورٹ میں نیٹ امتحان میں دھاندلی کی جانچ کا مطالبہ کرتے ہوئے دائر درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ اس پر سپریم کورٹ نے کہا کہ نیٹ یوجی امتحان 2024 کے امتحان کے انعقاد میں اگر 0.001 فیصد بھی لاپرواہی ہوئی ہے تو بھی اس سے پوری طرح نمٹا جانا چاہیے۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس ایس وی این بھٹی کی تعطیلاتی بنچ نے کہا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ طالب علم خاص طور پر ان امتحانات کی تیاری کے دوران کتنی محنت کرتے ہیں۔ سوچئے کہ نظام کو دھوکہ دینے والا کوئی شخص ڈاکٹر بن جائے تو وہ سماج کے لیے کتنا خطرناک ہوگا۔ بنچ نے اس معاملے میں 8 جولائی تک این ٹی اے سے جواب دینے کے لیے کہا ہے۔

مختصر خبریں

چھگن بھجبل بھی ذات شماری کے حق میں

ممبئی، (ایجنسیاں)

اپوزیشن کی جانب سے ذات پر مبنی مردم شماری کرانے کے مطالبہ کے درمیان اب این ڈی اے میں شامل پارٹیوں کے لیڈر بھی یہ مطالبہ کرنے لگے ہیں۔ اس ضمن میں مہاراشٹر میں این ڈی اے میں شامل اجیت پوار گروپ کی این سی پی کے سینئر لیڈر چھگن بھجبل کا ایک بڑا بیان سامنے آیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ وہ وزیراعظم نریندر مودی سے ذات پر مبنی مردم شماری کا مطالبہ کریں گے۔ انہوں نے یہ بیان اپنی تنظیم سمتا پریشد کی ایک میٹنگ کے بعد دیا ہے۔ سمتا پریشد کی ریاستی سطح کی یہ میٹنگ چھگن بھجبل نے بلائی تھی۔ اس میٹنگ میں مراٹھا اور او بی سی ریزرویشن سمیت کئی اہم مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ میں منگیش ساسانے اور لکشمن ہاکے کی صحت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چھگن بھجبل نے کہا کہ وہ اس بات پر سختی سے قائم ہیں کہ او بی سی سے مراٹھا برادری کے لیے کوئی ریزرویشن نہیں ہے۔ بھجبل نے کہا کہ اگر ذات پر مبنی مردم شماری ہوتی ہے تو پتہ چلے گا کہ او بی سی کی تعداد کتنی ہے۔ اس سے او بی سی کی صورت حال بھی سامنے آ جائے گی۔ اگر ذات پر مبنی مردم شماری کرائی گئی مرکزی حکومت سے ملنے والی رقم بھی او بی سی برادری کو دی جائے گی۔ این سی پی لیڈر نے مزید کہا کہ منگیش ساسانے اور لکشمن ہاکے ہڑتال پر ہیں اور حکومت سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ وہ تحریری گارنٹی دے کہ او بی سی ریزرویشن متاثر نہیں ہوگا۔ اس میں ان چیزوں پر بات کی جائے گی جو او بی سی کے ساتھ ناانصافی کا سبب بنیں گی۔ اس لیے انہیں کوئی جارحانہ موقف نہیں اپنانا چاہیے۔ چھگن بھجبل نے یہ بھی کہا کہ اگر حکومت کی طرف سے ناانصافی ہو رہی ہے تو میں او بی سی برادری کے ساتھ رہوں گا۔

سینسیکس اور نفٹی نئی چوٹی پر

ممبئی، (یو این آئی) امریکی فیڈرل ریزرو کے حکام کا شرح سود کے بارے میں آنے والے بیان کے انتظار میں عالمی مارکیٹ میں آئی تیزی سے پرجوش سرمایہ کاروں کی مقامی سطح پر ریئلٹی، کنزیومر ڈیوریبل، یوٹیلیٹیز اور ٹیلی کمیونیکیشن سمیت پندرہ گروپوں میں ہونے والی خریداری کی بدولت دونوں بنچ مارک انڈیکس سینسیکس اور نفٹی آج نئی چوٹی پر پہنچ گئے۔ بی ایس ای کا 30 حصص والا حساس انڈیکس سینسیکس 308.37 پوائنٹس کی چھلانگ لگا کر پہلی بار 77 ہزار پوائنٹس کی نفسیاتی سطح کے پار 77301.14 پوائنٹس کی نئی چوٹی پر پہنچ گیا۔ اس کے علاوہ نیشنل اسٹاک ایکسچینج (این ایس ای) کا نفٹی 92.30 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 23,557.90 پوائنٹس کی نئی ریکارڈ سطح پر بند ہوا۔ بڑی کمپنیوں کی طرح بی ایس ای کی درمیانی اور چھوٹی کمپنیوں میں بھی زبردست خریداری ہوئی، جس کی وجہ سے مڈ کیپ 0.43 فیصد بڑھ کر 46255.30 پوائنٹس اور اسمال کیپ 0.96 فیصد بڑھ کر 51694.00 پوائنٹس ہو گیا۔ اس دوران بی ایس ای میں کل 4150 کمپنیوں کے حصص میں کاروبار ہوا جن میں سے 2167 میں خریداری 1836 میں فروخت ہوئی جبکہ 147 کے حصص میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ اسی طرح نفٹی کی 34 کمپنیاں سبز جب کہ 16 سرخ نشان پر بند ہوئیں۔ بی ایس ای کے 15 گروپوں میں تیزی رہی۔ اس سے کموڈیٹیز 0.07، سی ڈیز 0.90، انرجی 0.07، فنانشل سروسز 0.73، انڈسٹریلز 0.83، آئی ٹی 0.57، ٹیلی کام 1.00، یوٹیلیٹیز 1.05، بینکنگ 0.83، کیپٹل گڈز 0.73، کنزیومر ڈیوریبلز 1.27، پاور 0.71، ریئلٹی 1.3، ٹیک 0.38 اور سروس گروپ کے شیئر 0.74 فیصد چڑھ گئے۔ بین الاقوامی سطح پر مثبت رجحان رہا۔ اس دوران برطانیہ کا ایف ٹی ایس ای 0.49، جرمنی کا ڈیکس 0.43، جاپان کا نکئی 1.00 اور چین کا شنگھائی کمپوزٹ 0.48 فیصد مضبوط رہا۔ تاہم ہانگ کانگ کے ہینگ سینگ میں 0.11 فیصد کی گراوٹ رہی۔

پی ایم کسان سمان ندھی کی 17 ویں قسط جاری

وارانسی، (ایجنسیاں)

وزیراعظم نریندر مودی نے منگل کو وارانسی میں ایک اسٹیج سے 'پی ایم کسان سمان ندھی' اسکیم کی 17 ویں قسط جاری کی اور کسانوں کی بھلائی کیلئے اپنی حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ کسان سمان ندھی کی اس قسط کے ذریعہ سے ملک میں 9 کروڑ 26 لاکھ 67 ہزار 496 کسانوں کے کھاتے میں 20 ہزار کروڑ روپے رقم ٹرانسفر کی گئی۔ اس طرح اب اس اسکیم سے کسانوں کو 3.24 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم دی جا چکی ہے۔ لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی قیادت والے این ڈی اے کی تاریخی جیت کے ساتھ لگاتار تیسری بار وزیراعظم کا حلف لینے کے بعد مودی کا آج یہ اپنے انتخابی حلقے کا پہلا دورہ ہے۔ اس موقع پر انہوں نے یہاں خصوصی طور سے منعقد پی ایم کسان سمان سمیلن میں بٹن دبا کر کسانوں کے کھاتے میں اسکیم کے 2-2 ہزار روپے کی قسط جاری کی۔ مودی نے سمیلن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 'اپنے کسان بھائی- بہنوں کی زندگی آسان بنانے کیلئے ہماری حکومت کمربستہ ہے۔ کاشی کی پاک سرزمین سے وزیراعظم کسان سمان ندھی کی 17 ویں قسط جاری کرتے فخر محسوس کر رہا ہوں۔' پروگرام میں اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ اور مرکزی وزیر زراعت وکسان بہبود شیوراج سنگھ چوہان بھی موجود تھے۔

دوسری جانب کانگریس نے منگل کو 'پردھان منتری کسان سمان ندھی' اسکیم کی 17 ویں قسط کے اجرا سے قبل اس کی خبروں کے حوالہ سے وزیراعظم نریندر مودی پر نشانہ لگاتے ہوئے کہا کہ یہ کسانوں کو دیا جا رہا 'پرساد' نہیں ہے، بلکہ یہ ان کا جائز حق ہے۔ کانگریس کے جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے کہا کہ جیسے ہی 'ایک تہائی وزیراعظم' نے 9 جون کو چارج سنبھالا، ایسی خبریں آئیں کہ پہلی فائل جس پر وزیراعظم نے دستخط کیے ہیں، وہ 'پردھان منتری سمان ندھی' کی 17 ویں قسط کے اجرا سے متعلق ہے۔ رمیش نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ 'آج پھر خبروں کا وہی عنوان سب جگہ ہے - ایک تہائی وزیر اعظم پردھان منتری کسان سمان ندھی' کی 17 ویں قسط جاری کریں گے۔' کانگریس لیڈر نے کہا کہ 'نان بایولوجیکل وزیراعظم کسانوں کو کوئی 'پرساد' نہیں دے رہے ہیں۔ یہ ان کا جائز حق ہے۔'

❖ وزیراعظم کسانوں کو کوئی 'پرساد' نہیں دے رہے ہیں، یہ ان کا جائز حق ہے: کانگریس

کروڑوں روپے کا پل افتتاح سے پہلے ہی منہدم



پٹنہ، (ایجنسیاں)

بہار میں ایک بار پھر پل حادثہ ہوا ہے۔ افتتاح سے قبل ہی پل منہدم ہو کر ندی میں سما گیا۔ یہ واقعہ ارریہ ضلع کے سکٹی بلاک میں پیش آیا ہے۔ یہاں بکرا ندی کے پڑریا گھاٹ پر کروڑوں کی لاگت سے بنایا گیا پل اچانک ندی میں سما گیا۔ واقعہ کے بعد علاقے میں کھلبلی مچ گئی۔ بتایا جا رہا ہے کہ یہ پل پہلے والے پل کے اپروچ کے کٹ جانے کے بعد بنایا گیا تھا۔ لوگوں کا الزام ہے کہ پل کی تعمیر میں ناقص مٹیریل استعمال کیا گیا تھا جس کی وجہ سے پل افتتاح سے پہلے ہی منہدم ہو گیا۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ محکمہ نے حال ہی میں پل کی اپروچ روڈ کو بحال کرنے کی کارروائی شروع کی تھی لیکن اس سے پہلے ہی یہ حادثہ ہو گیا۔

راہل نے وائناڈ سیٹ چھوڑی ◻ پرینکا لڑیں گی الیکشن

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی نے منگل کو لوک سبھا اسپیکر کے دفتر کو وائناڈ لوک سبھا سیٹ چھوڑنے کے بارے میں باضابطہ نوٹس دیا۔ اطلاعات کے مطابق انہوں نے اس کے لیے لوک سبھا اسپیکر کے دفتر کو ایک خط دیا ہے۔ راہل گاندھی نے اترپردیش کے رائے بریلی اور کیرالہ کے وائناڈ سے لوک سبھا کا الیکشن لڑا تھا۔ انہوں نے دونوں سیٹوں سے الیکشن جیتا تھا۔ ایسے میں قواعد کے مطابق انہیں 2 میں سے کوئی ایک سیٹ چھوڑنی تھی۔ راہل گاندھی نے رائے بریلی سیٹ سے ایم پی رہنے کا فیصلہ کیا ہے اور وائناڈ سیٹ چھوڑ دی ہے۔ راہل گاندھی نے پیر کی شام وائناڈ سیٹ چھوڑنے کا اعلان کیا تھا۔ اس کے بعد کانگریس پارٹی نے پرینکا گاندھی واڈرا کو وائناڈ سے اپنا امیدوار بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ پرینکا گاندھی واڈرا کا پہلا لوک سبھا الیکشن ہوگا۔ وہ کیرالہ کی وائناڈ لوک سبھا سیٹ سے ضمنی الیکشن لڑیں گی۔ اپنے فیصلے پر راہل گاندھی نے کہا کہ وہ گزشتہ 5 سالوں سے وائناڈ سے ایم پی ہیں۔ وائناڈ کے لوگوں اور تمام سیاسی پارٹیوں نے انہیں بہت پیار دیا۔ پرینکا وائناڈ سے الیکشن لڑ رہی ہیں لیکن وہ خود وائناڈ آتے رہیں گے۔ وہ یقینی طور پر ان وعدوں کو پورا کریں گے جو انہوں نے وائناڈ کے لوگوں سے کیے ہیں۔ اب وائناڈ کو 2 نمائندے مل رہے ہیں، ایک پرینکا اور دوسرا میں۔ پرینکا گاندھی نے کہا کہ 'میں اپنا پہلا لوک سبھا الیکشن وائناڈ سے لڑ کر بہت خوش ہوں۔ رائے بریلی سے میرا پرانا رشتہ ہے۔ میں 20 سال سے رائے بریلی میں کام کر رہی ہوں۔ یہ رشتہ کبھی ٹوٹ نہیں سکتا، میں اپنے بھائی کے ساتھ رائے بریلی میں بھی موجود رہوں گی۔' پرینکا گاندھی کے وائناڈ لوک سبھا سیٹ سے الیکشن جیتنے کے بعد کانگریس پارٹی کی طرف سے نہرو-گاندھی خاندان سے 3 ارکان پارلیمنٹ میں ہوں گے۔ راہل اور پرینکا لوک سبھا میں نظر آئیں گے، جبکہ سونیا گاندھی پہلے ہی راجیہ سبھا کی رکن منتخب ہو چکی ہیں۔

مہاراشٹر شیو سینا (یو بی ٹی) کے لیڈر آدتیہ ٹھاکرے نے اس سلسلے میں ردعمل ظاہر کرتے ہوئے لکھا کہ 'یہ سن کر خوشی ہوئی کہ پرینکا گاندھی لوک سبھا الیکشن لڑیں گی۔ ایک بہت مضبوط اور سرشار آواز جو پارلیمنٹ میں ہندوستان کی آواز کو مضبوط بنائے گی۔'

❖ پرینکا گاندھی کی شکل میں ایک مضبوط آواز پارلیمنٹ میں گونجے گی: آدتیہ ٹھاکرے

کئی ریاستوں میں ہیٹ ویو ◻ یوپی و بہار میں 100 سے زائد اموات

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

ملک کی شمالی ریاستوں میں مسلسل گرمی کی لہر جاری ہے۔ آئی ایم ڈی نے اترپردیش، ہریانہ، دہلی، چنڈی گڑھ، جموں، ہماچل پردیش، پنجاب، راجستھان، بہار اور جھارکھنڈ میں ہیٹ ویو الرٹ جاری کیا ہے۔ پیر کو پریاگ راج مسلسل دوسرے دن ملک کا سب سے گرم شہر رہا۔ یہاں درجہ حرارت 47 ڈگری سے اوپر ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اترپردیش میں 24 گھنٹوں کے دوران گرمی کی لہر سے 90 لوگوں کی موت ہوئی ہے۔ حالانکہ انتظامیہ اس بات کو ماننے سے انکار کر رہی ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد ہی واضح ہو سکے گا کہ اموات گرمی کے باعث ہوئی ہیں، لیکن ڈاکٹروں کا واضح طور پر کہنا ہے کہ زیادہ تر اموات ہیٹ ویو اور ہیٹ اسٹروک کے باعث ہوئی ہیں۔ دوسری جانب بہار میں پیر کو گرمی کی لہر سے 17 افراد کی موت ہوئی ہے۔ حالانکہ اس کی بھی سرکاری طور پر تصدیق نہیں ہو سکی ہے۔ اورنگ آباد میں پیر کو درجہ حرارت 46.9 ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ چھتیس گڑھ میں گرمی کے پیش نظر گرمیوں کی چھٹیاں 25 جون تک بڑھا دی گئی ہیں۔ یہاں کے اسکول 26 جون سے کھلیں گے۔ اوڈیشہ میں گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد اسکول نہیں کھولے جا رہے ہیں۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) نے کہا ہے کہ مانسون کے 4 دنوں میں مہاراشٹر، اوڈیشہ، آندھرا پردیش، مغربی بنگال اور بہار کے کچھ حصوں تک پہنچنے کا امکان ہے۔ مغربی بنگال اور شمال مشرقی ریاستوں (آسام، میگھالیہ، اروناچل پردیش) میں بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

ادھر قومی دارالحکومت اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں لوگوں کو اس وقت شدید گرمی اور لو کی لہر سے کوئی راحت نہیں مل رہی ہے۔ محکمہ موسمیات نے پیر کو دارالحکومت میں چلچلاتی گرمی کے پیش نظر 'ریڈ الرٹ' جاری کیا تھا، جو آج بھی جاری ہے۔ دارالحکومت اور گردونواح میں دن اور رات کے درجہ حرارت میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ پیر کی رات اس سیزن کی گرم ترین رات رہی، جس نے گزشتہ 6 سال کا ریکارڈ توڑ دیا۔ دہلی میں منگل کو کم سے کم درجہ حرارت 33.8 ڈگری تک پہنچ گیا اور زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 45 ڈگری سیلسیس سے اوپر ریکارڈ کیا گیا۔ دہلی میں دن کے وقت گرمی کی لہر سے لوگ پریشان ہیں۔ ایک طرف دارالحکومت کے عوام کو شدید گرمی اور دوسری طرف پانی کی قلت کی وجہ سے دوہری مار جھیلنی پڑ رہی ہے۔ دہلی میں آج صبح کم سے کم درجہ حرارت 33.8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جون 2018 میں یہ 34 ڈگری تک پہنچ گیا تھا۔ محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) کے سائنسداں سوماسین رائے نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے گرمی کی لہر جاری ہے۔ کم سے کم درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے رات کے وقت بھی گرمی پڑ رہی ہے اور رات میں بھی دن کے وقت کا موسم محسوس ہو رہا ہے۔ دارالحکومت میں بنیادی طور پر صاف آسمان اور گرمی کی لہر کے حالات ہوں گے اور رات کے وقت گرم ہوائیں، دن کے اوقات میں شدید اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ نے دہلی کیلئے ریڈ اور یلو الرٹ وارننگ جاری کی ہے۔ اس سے قبل اورنج الرٹ جاری کیا گیا تھا۔ اترپردیش میں اگلے تین چار دنوں تک ریڈ الرٹ جاری رہے گا۔

حادثات کے بعد وزیر ریل کو فوری طور پر برخاست کیا جائے: کانگریس

نئی دہلی، (یو این آئی)

کانگریس نے کہا ہے کہ مودی حکومت کی لاپرواہی کی وجہ سے ریل سفر سب سے زیادہ غیر محفوظ اور چیلنجنگ بن گیا ہے اور ریلوے کے وزیر ریلوے اصلاحات پر توجہ نہیں دے رہے ہیں، اس لیے انہیں فوری طور پر برطرف کیا جانا چاہیے۔ کانگریس کی ترجمان سپریہ شرینیت نے منگل کو یہاں پارٹی ہیڈکوارٹر میں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ ریلوے حادثات تیزی سے بڑھ رہے ہیں اور حکومت اس سے نمٹنے پر توجہ نہیں دے رہی ہے۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کے پاس دو ریاستوں کا چارج ہے اس لئے وہ اپنی ذمہ داریوں کو انجام دینے کے قابل نہیں ہیں، یہی وجہ ہے کہ ریلوے کا تحفظ ایک بڑا مسئلہ بن گیا ہے اور مسٹر ویشنو کو فوری اثر سے برطرف کیا جانا چاہیے۔ کانگریس کی ترجمان نے کہا کہ ملک میں تقریباً ہر شخص کا ریلوے سے تعلق ہے۔ ریلوے سے وابستہ لوگوں کی اپنی یادیں ہیں۔ کیونکہ ریلوے ہندوستان کی لائف لائن ہے۔ یہ آمدورفت کا ایک سستا ذریعہ تھا اور لوگوں کو یقین تھا کہ وہ بحفاظت اپنی منزل پر پہنچ جائیں گے۔ لیکن آج مسافر کے ذہن میں اس بات کا خدشہ رہتا ہے کہ کیا وہ (اس کا جسم) منزل تک پہنچ پائے گا؟ یہ ریکارڈ نریندر مودی اور ان کی حکومت نے قائم کیا ہے۔ مودی حکومت کے دوران ہوئے ریل حادثات کی تفصیلات بتاتے ہوئے محترمہ شرینیت نے کہا کہ ٹھیک ایک سال قبل، جون 2023 میں بالاسور ریل حادثے میں 296 افراد ہلاک اور 900 سے زیادہ شدید زخمی ہو گئے تھے۔ اب ایک بار پھر مغربی بنگال میں ٹرین حادثہ ہوا، جس میں 15 افراد ہلاک اور تقریباً 40 دیگر زخمی ہو گئے۔ گزشتہ 10 برسوں میں 1117 ریلوے حادثات ہوئے، جن میں جان ومال کا نقصان ہوا۔ یعنی ہر ماہ 11 حادثات ہوئے۔ ہر 3 دن بعد ایک حادثہ ہوتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ایک سال میں کیا بدلا؟ ترجمان نے کہا کہ جب سے مودی حکومت اقتدار میں آئی ہے، ریلوے حادثات میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2014 سے بڑے ریلوے حادثات کی فہرست میں 26 مئی 2014 گورکھ دھام ایکسپریس میں 25 افراد کی موت، 50 سے زیادہ زخمی، 20 نومبر 2016 کو اندور-پٹنہ ایکسپریس میں 150 افراد کی موت، 150 سے زیادہ لوگ زخمی، 18 اگست 2017 کو پوری-ہریدوار اتکل ایکسپریس میں 23 افراد ہلاک، 60 زخمی، 23 اگست 2017 کو کیفیات ایکسپریس میں 70 افراد زخمی، 13 جنوری 2022 کو بیکانیر-گوہاٹی ایکسپریس میں 9 افراد ہلاک، 36 زخمی، 2 جون 2023 کو بالاسور ریل حادثہ 2996 افراد ہلاک، 290 سے زائد زخمی، 17 جون 2024 کو کنچن جنگا ایکسپریس حادثہ، 15 افراد کی موت۔ اس ملک میں پہلے ریلوے حادثات کی اخلاقی ذمہ داری لی جاتی تھی لیکن آج ہندوستان کے وزیر ریلوے ہی 'ریل منسٹر' Rail Minister بنے ہوئے ہیں۔ محترمہ سرینیت نے کہا کہ مودی حکومت میں وزارت ریلوے کا بجٹ عام بجٹ کے ساتھ ملا کر پیش کیا جانے لگا۔ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ مودی حکومت کیلئے ریلوے محکمہ کی کوئی ترجیح نہیں ہے اور اس کے ریلوے وزیر ریلوے کو بہتر کرنے کی بجائے پارٹی کی اصلاح کے کام میں لگے ہوئے ہیں، اس لیے انہیں فوری طور پر عہدے سے ہٹایا جانا چاہیے۔